# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 22 August 2026**
**Time : 09:25 AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

ایل جی سکاسٹ:

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھارت کی بدلتی ہوئی روزگار کی امنگوں کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک خود انحصار جموں کشمیر کا مطلب ایک ایسا خطہ ہے جہاں ہر نوجوان شہری اپنی لیاقات اور قابلیت کے مطابق کسی نہ کسی صورت میں روزگار دینے والا بن سکے۔

زرعی یونیورسٹی جموں میں **JKCIP** کے تحت ایک نئے انفراسٹریکچر اینڈ سٹارٹ اپ آؤٹ ریچ پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زرعی سیکٹر نوجوانوں کی کاروباری سرگرمیوں کیلئے ایک بڑا امیدان ہے۔

منوج سنہا نے تاہم کہا کہ آنٹر پرنیورشپ کا کوئی بھی انقلاب خواتین کی شرکت کے بغیر نامکمل ہوگا۔
انہوں نے مزید کہا کہ جموں کشمیر کا آج کا نوجوان لائن میں کھڑا رہ کے روزگار ڈھونڈنے کے بجائے دوسروں کیلئے مواقعے پیدا کرنے کی سوچ کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

-----**LG (SKAUST)**-----------

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کچرے کو دوبارہ استعمال لانے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوگ کو بازار سے کچھ خریدتے وقت دکانداروں سے پلاسٹک کی نئی تھیلاں لینے کے بجائے گھر سے ہی بار بار استعمال ہونے والی تھیلیاں ساتھ لینے کی عادت اپنانی چاہیئے۔

سرینگر میں محکمہ فلوریکلچر کی طرف سے قائم کردہ 'ویسٹ ٹو ونڈر' گارڈن کا افتتاح کرنے کے موقعہ پر عمر عبداللہ نے کہا کہ

یہ باغ اس تخیل کو تقویت بخشتا ہے کہ کسی بھی چیز کو پھینکنے سے پہلے ایسا ضرور سوچا جائے کہ اس میٹیریئل کو کیسے دوبارہ استعمال میں لاجائے۔

------CM--------

Reduce, Reuse and Recycle کے اصول پر قائم کردہ اس باغ کے افتتاح کے موقعے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور محکمہ فلوریکلچر کی ڈائریکٹر مطہورہ معصوم بھی موجود تھیں۔

پرسار بھارتی

پرسار بھارتی کے ممبر پرسنل راجیو بھردواج نے سرینگر کا دورہ کرکے آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر کے کام کاج اور ملازمین کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔

انہوں نے آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر میں دو الگ الگ میٹنگیں کرکے ان دو میڈیا اکائیوں کے کام کاج میں بہتری لانے سے متعلق امور پر افسروں کے ساتھ سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔

ممبر پرسنل نے ملازمین کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔

اسمبلی کمیٹی

ماحولیات سے متعلق قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی تمام آبی پناہ گاہوں کے انتظام اور ان کے تحفظ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔

یہ میٹنگ اسمبلی کمپلیکس سرینگر میں چیئرمین محمد یوسف تاریگامی کی صدارت میں منعقد ہوئی جس دوران دیگر آب گاہوں کے علاوہ ہوکرسر، مانسبل، ولر، نگین، مانسر اور سرنسر جیسی جھیلوں کے تحفظات اقدامات کے لئے سائنسی طور طریقہ اور لوگوں کی شرکت یقینی بنانے کی ضرورت اجاگر کی گئی۔

دریں اثناء عرضداشتوں سے متعلق اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ چیئرمین پیرزادہ فاروق احمد شاہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے دوران کھمبر حضرتبل کے عوام کی اُس دیرینہ شکایت کا جائزہ لیا گیا جو ان کے علاقے میں کاہ چرائی پر جمائے گئے ناجائز قبضے سے متعلق ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اصلاحات کوئی مجبوری نہیں ہے بلکہ ان کی سرکار کی پالیسیوں کو عوام دوست اور ترقی کے موافق بنانے کیلئے ضروری ہے۔

قومی راجدھانی نئی دلی میں عالمی لیڈروں کے فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی سرکار نے زمینی سطح پر اصلاحات پر بنیادی توجہ مرکوز کرتے ہوئے بڑے اصلاحات کیلئے ایک واضح نقشہ راہ سامنے رکھا ہے۔
نریندر مودی نے کہا کہ ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لئے بھارت پالیسی سطح پر اگلی نسل کے اصلاحات پر کام کر رہا ہے۔

عرس

گاندربل ضلعے کے تولمولہ میں آج حضرت میر بابا حیدر رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس منایا جا رہا ہے۔
ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ وہاں رات بھر کے دوران متعدد عقیدتمندوں نے شب بیداری کر کے جموں کشمیر اور ملک میں قیام امن اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

ریل

بھارتی ریلوے نے ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں اور سرینگر کے درمیان اُدھمپور سے ہوتے ہوئے تیسری وندے بھارت ریل گاڑی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس حوالے سے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا ایک خط شیئر کیا ہے جس میں اس منصوبے کی منظوری کی جانکاری دی گئی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20** عشاریہ **6** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24** عشاریہ **9** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ